© rasailojaraid.com



ڈاکٹر شکیل اوج کی کتب اور تحقیقی مجلے التفسیر پر شائع ہونے والے تبصرات، مضامین بطور ریکارڈ پیش خدمت ہیں

# نسائیات


## تبصرہ نگار: محمد اعظم سعیدی

چیف ایڈیٹر سہ ماہی مجلہ ندوہ سار، کراچی


(اپریل تا جون، ۲۰۱۳ء)

نام کتاب: نسائیات (چند فکری و نظری مباحث)

مصنف: ڈاکٹر پروفیسر محمد شکیل اوج، رئیس کلیہ معارف اسلامیہ و ڈائریکٹر سیرت چیئر، یونیورسٹی آف کراچی۔

سن اشاعت: جون 2012ء

صفحات: 306۔۔۔ قیمت: =/500 روپے

ناشر: کلیہ معارف اسلامیہ یونیورسٹی آف کراچی

تہذیب و ثقافت کی ارتقائی یلغار اور بعض ضروریات زندگی نے مسلم عورت کے لیے متعدد مسائل پیدا کر دیے ہیں، نیز ہمارے مسلم معاشرے میں مردوں کی حاکمیت کے تصور نے عورت کو خاص طور پر عائلی زندگی میں باندی سے زیادہ اہمیت نہیں دی، ہمارے فقہاء و علماء نے اگرچہ قرآن و سنت کی روشنی میں عورت کے حقوق متعین کیے ہیں اور وقت کے تقاضے کے مطابق مسائل کے حل بھی تجویز کیے ہیں، لیکن بعض مسائل میں دین کے نظریہ توسع اور قرآن کے اصول حذف و ایجاز پر نظر عمیق ڈال لی جاتی تو عورت کی دور جدید کی الجھنیں دور ہو جاتیں، کیونکہ بعض مسائل ایسے ہیں کہ قرآن و سنت میں ان کو دو طرفہ بیان نہیں کیا گیا یعنی صرف ایک صورت بیان کی گئی ہے اور دوسری صورت کو مجتہد فیہ رکھا گیا ہے، لیکن باب اجتہاد کو سخت شرائط سے مقفل کر دیا گیا، اگر کسی نے اس باب کو کھولنے کی جرأت کی ہے تو اسے متجدد اور متفرد کے خطاب سے نوازا گیا، اس طرح مسائل کی غیر بیان کردہ دوسری صورت کو پہلی صورت پر محمول و منطبق کر کے عورت کو جدید دور کے جدید مسائل کے گرداب میں الجھا ہوا چھوڑ دیا گیا۔

پروفیسر ڈاکٹر حافظ شکیل اوج صاحب قرآن کی تفسیر قرآن سے کرنے اور قرآن سے قرآن فہمی میں وسیع درک و شہرت کے مالک ہیں، اسی نسبت سے ان کے باشعور قارئین و معتقدین کا حلقہ روز افزوں ہے، ان کے قارئین اور اندرون و بیرون ملک ان کے لیکچرز کے سامعین بخوبی آگاہ ہیں کہ موصوف کو اللہ تعالیٰ نے علمی فراوانی، قلم میں جولانی اور طلاقت لسانی جیسی نعمتوں سے خوب نوازا ہے اور ڈاکٹر صاحب نے بھی بطور اظہار تشکر کلام الٰہی کو دل میں سمایا اور سینے سے لگایا ہوا ہے یہی وجہ ہے کہ ان کا ہر مضمون و مقالہ قرآنی آیات سے مرصع ہوتا ہے اور حقیقت بھی یہی ہے کہ موصوف عصر حاضر میں پیش آمدہ جدید مسائل و معاملات کو قرآن مجید کی روشنی میں ہی دیکھتے ہیں جیسے کہ دور جدید کا خوفناک مسئلہ "ایڈز" پر بھی قرآنی آیات سے استشہاد کرتے ہوئے مقالہ تحریر فرما کر



© rasailojaraid.com